بہکا رہے ہیں دہشت گردی میں اب عورتوں کو بھی استعمال کیا جا رہا ہے جو بلوچستان کی روایات کے خلاف ہے خوارجی عوام کو مختلف سازشوں کے ذریعے فرقوں میں تقسیم کر کے نظریہ پاکستان پر حملہ آور ہو رہے ہیں جو اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، بلوچستان کے عوام، قبائلی عمائدین اور سیکورٹی فورسز ایسی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں قبائلی جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جرگے میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزراء سردار عبدالرحمٰن کھیتران، بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری سردار مسعود لونی، رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر محمد نواز، حاجی فضل قادر، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ شاہ الدین، آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری سمیت اعلیٰ حکام، منتخب علاقائی نمائندوں، قبائلی عمائدین، مقامی انتظامی و سیکورٹی افسران نے شرکت کی، جرگے میں علاقائی معتبرین نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو بحالی امن کیلئے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلاتے ہوئے مختلف علاقائی مسائل سے آگاہ کیا، جس پر وزیراعلیٰ نے موقع پر ہی شیرانی لیویز فورس کو آرمڈ وہیکل کی فراہمی، بی ایچ یو کی تعمیر و ایمبولینس کی فراہمی، ریذیڈنشل کالج میں تدریسی اسٹاف کی تعیناتی، مواصلاتی ٹاورز کی درستگی، کاکڑ خراسان میں اسسٹنٹ کمشنر اور تحصیلدار کی تعیناتی، آمد و رفت کے لئے سوڑہ پل بمقام کوسہ کبزئی کی تعمیر اور ژوب بائی پاس کے تعمیراتی کام میں تیزی کے احکامات جاری کئے جبکہ لیویز اور پولیس فورس کو درکار وسائل کی فراہمی کا یقین دلایا وزیراعلیٰ نے انتظامی افسران کو غیر حاضر ڈاکٹرز اور اساتذہ کے خلاف فوری کارروائی اور ڈی آئی جی و ڈی پی او ژوب کو منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن کا حکم بھی دیا جرگے سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ژوب کے عوام کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لئے ترجیح اقدامات اٹھائے جائیں گے کوئی ایسا وعدہ نہیں کریں گے جو پورا نہ کیا جا سکے عوامی مسائل کا پائیدار حل چاہتے ہیں صوبے کے ہر ضلع میں جا کر عوامی مسائل کا ذاتی طور پر جائزہ لوں گا بحالی امن کیلئے سیکورٹی فورسز کے ساتھ قبائلی عمائدین اور عوام کا تعاون باعث ستائش ہے

## وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر فوری عمل درآمد

**شیرانی لیویز فورس کے لئے آرمڈ وہیکل اور ہسپتال کے لئے ایمبولینس دو گھنٹے کے اندر شیرانی روانہ کر دی گئی**

کوئٹہ، (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر شیرانی لیویز فورس کے لئے آرمڈ وہیکل اور اسپتال کے لئے ایمبولینس جمعرات کو کوئٹہ سے ضلع شیرانی روانہ کر دی گئی ہے، جبکہ کاکڑ خراسان میں اسسٹنٹ کمشنر اور تحصیلدار کی دستیاب خالی آسامیوں (بقیہ نمبر 41 صفحہ نمبر 7 پر)

پر افسران کی تعیناتی کے احکامات بھی جاری کر دیئے گئے ہیں حکام نے بتایا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے یہ احکامات آج ہی ژوب میں منعقد ہونے والے جرگے میں عوامی مسائل کی شنوائی کے دوران جاری کئے تھے، حکام کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے دیگر احکامات کی روشنی میں مواصلاتی ٹاورز کی درستگی، ژوب بائی پاس کے تعمیراتی کام میں تیزی اور ریذیڈنشل کالج میں تدریسی اسٹاف کی تعیناتی کے لئے متعلقہ محکموں کو بھی فوری کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ بی ایچ یو اور سوڑہ پل بمقام کوسہ کبزئی کی تعمیر کے لئے متعلقہ محکموں کو ڈائریکٹیوز جاری کئے جا رہے ہیں اس کے علاوہ عوامی شکایات پر منشیات فروشوں، غیر حاضر ڈاکٹرز اور اساتذہ کے خلاف کارروائی کے لئے متعلقہ انتظامی افسران کو سخت کارروائی کا حکم دیا گیا ہے۔



کوئٹہ، وفاقی وزیر سیلز ان الجینئر امیر مقام، گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ میں شریک ہیں



ژوب، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قبائلی جرگے سے خطاب کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10

MEMBER APNS
بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن)
ABC CERTIFIED
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان
جلد 28 | جمعہ 27 ستمبر 2024ء بمطابق 22 ربیع اول 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 264

# امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنے کا مقصد ملک کو کمزور کرنا ہے، میر سرفراز بگٹی

اپنے مذموم مقاصد کیلئے دہشتگرد عام لوگوں کو بہکار ہے ہیں دہشتگردی میں اب خواتین کو بھی استعمال کیا جارہا ہے جو بلوچستان کی روایات کے خلاف ہے

**سازش کے تحت عوام کو فرقوں میں تقسیم کرکے نظریہ پاکستان پر حملے کی تیاریاں کی جارہی ہیں مگر یہ اپنے منصوبوں میں کبھی کامیاب نہیں ہونگے، وزیراعلیٰ بلوچستان کا ژوب میں قبائلی جرگے سے خطاب**

ژوب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنے کا مقصد ملک کو کمزور کرنا ہے مذموم مقاصد کے لئے

خوارجی عام لوگوں کو بہکار ہے ہیں دہشت گردی میں اب عورتوں کو بھی استعمال کیا جارہا ہے جو

بلوچستان کی روایات کے خلاف ہے خوارجی عوام کو مختلف سازشوں کے ذریعے فرقوں میں تقسیم کر کے نظریہ پاکستان پر حملہ آور ہو رہے ہیں جو اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، بلوچستان کے عوام، قبائلی عمائدین اور سیکورٹی فورسز ایسی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے ان خیالات کا اظہار

انہوں نے جمعرات کو یہاں قبائلی جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جرگے میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزراء سردار عبدالرحمن کھیتران، بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری سردار مسعود لونی، رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر محمد نواز، حاجی فضل قادر، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ شہاب الدین، آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری سمیت اعلیٰ حکام، منتخب علاقائی نمائندوں، قبائلی عمائدین، مقامی انتظامی و سیکورٹی افسران نے شرکت کی، جرگے میں علاقائی معتبرین نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو بحالی امن کیلئے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلاتے ہوئے مختلف علاقائی مسائل سے آگاہ کیا، جس پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ژوب کے عوام کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لئے ترجیح اقدامات اٹھائے جائیں گے کوئی ایسا وعدہ نہیں کریں گے جو پورا نہ کیا جاسکے عوامی مسائل کا پائیدار حل چاہتے ہیں صوبے کے ہر ضلع میں جاکر عوامی مسائل کا ذاتی طور پر جائزہ لوں گا بحالی امن کیلئے سیکورٹی فورسز کے ساتھ قبائلی عمائدین اور عوام کا تعاون باعث ستائش ہے، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت کو عوامی مسائل کا پوری طرح سے احساس ہے تاہم یہ بات واضح ہے کہ گورننس میں بہتری سے ہی محکمے متحرک ہو کر درپیش مسائل کے حل کے قابل ہوسکتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے انتظامی افسران کو ہدایت کی کہ وہ بحالی امن اور روزمرہ سرکاری امور کی انجام دہی کے ساتھ ساتھ اپنی تمام تر توجہ اور صلاحیتیں عوامی مسائل کے حل پر مرکوز رکھیں مقامی مسائل مقامی سطح پر حل کیے جائیں عوام کو لمبے چوڑے طریقہ کار اور طویل انتظار کی کوفت میں مبتلا نہ کیا جائے، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں حکومت، تمام سیکورٹی فورسز اور عوام مل کر امن کی شمعیں روشن کریں گے انہوں نے کہا کہ ڈی آئی خان قومی شاہراہ کو صوبے کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے بحالی امن کے اقدامات میں تمام شاہراہوں کو محفوظ اور سفر کے قابل بنانا اولین ترجیحات میں شامل ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم روز اول واضح کر چکے ہیں کہ صوبے میں کوئی ملازمت نہیں بکے گی خرید و فروخت کا دور گزر گیا اب نوجوانوں کو میرٹ پر ملازمتیں ملیں گی اور کسی کا استحصال نہیں ہوگا۔



ژوب، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی قبائلی جرگے میں عمائدین سے خطاب کررہے ہیں اس موقع پر صوبائی وزراء پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین اسمبلی بھی موجود ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اسپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی صوبائی وزراء اراکین اسمبلی ملاقات کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 11

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

بانی: سید فصیح اقبال

جلد 79 | جمعہ 27 ستمبر 2024ء 22 ربیع الاول 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 265

# امن وامان برقرار رکھنا اولین حکومتی ترجیحات میں شامل ہے

## وزیراعلیٰ بلوچستان

امن وامان کی صورتحال کوخراب کرنے کا مقصد ملک کوکمزور کرنا ہے مذموم مقاصد کے لئے خوارجی عام لوگوں بہکارہے ہیں دہشت گردی میں اب عورتوں کوبھی استعمال کیا جارہا ہے

**ہم روز اول واضح کرچکے ہیں کہ صوبے میں کوئی ملازمت نہیں بکے گی خرید وفروخت کا دور گزر گیا اب نوجوانوں کومیرٹ پر ملازمتیں ملیں گی اور کسی کا استحصال نہیں ہوگا، میر سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے امن وامان کی صورتحال کوخراب کرنے کا مقصد ملک کوکمزور کرنا ہے مذموم مقاصد کے لئے خوارجی عام لوگوں بہکارہے ہیں دہشت گردی میں اب عورتوں کوبھی استعمال کیا جارہا ہے جو بلوچستان کی روایات کے خلاف ہے خوارجی عوام کو مختلف سازشوں کے ذریعے فرقوں میں تقسیم کرکے نظریہ پاکستان پر حملہ آور ہورہے ہیں جو اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، بلوچستان کے عوام، قبائلی عمائدین اور سیکورٹی فورسز ایسی تمام سازشوں کوناکام بنائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں قبائلی جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جرگے میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزراء سردار عبدالرحمن کھیتران، بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری سردار مسعود لونی، رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر محمد نواز، حاجی فضل قادر، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ شہاب الدین، آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری سمیت اعلیٰ حکام، منتخب علاقائی نمائندوں، قبائلی عمائدین، مقامی انتظامی وسیکورٹی افسران نے شرکت کی، جرگے میں علاقائی معتبرین نے وزیراعلیٰ بلوچستان کوبحالی امن کیلئے اپنے مکمل تعاون کایقین دلاتے ہوئے مختلف علاقائی مسائل سے آگاہ کیا، جس پر وزیراعلیٰ نے موقع پر ہی شیرانی لیویز فورس کوآرمڈ وہیکل کی فراہمی، نئی بی ایچ یو کی تعمیر وایمبولینس کی فراہمی، ریذیڈنشل کالج میں تدریسی اسٹاف کی تعیناتی، مواصلاتی ٹاورز کی درستگی، کاکڑ خراسان میں اسسٹنٹ کمشنر اور تحصیلدار کی تعیناتی، آمدورفت کے لئے سوڑہ پل بمقام گوسہ کبزئی کی تعمیر اور ژوب بائی پاس کے تعمیراتی کام میں تیزی کے احکامات جاری کئے جبکہ لیویز اور پولیس فورس کو درکار وسائل کی فراہمی کا یقین دلایا وزیراعلیٰ نے انتظامی افسران کو غیر حاضر ڈاکٹرز اور اساتذہ کے خلاف فوری کارروائی اور ڈی آئی جی و ڈی پی او ژوب کومنشیات فروشوں کے خلاف آپریشن کا حکم بھی دیا جرگے سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ژوب کے عوام کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لئے ترجیح اقدامات اٹھائے جائیں گے کوئی ایسا وعدہ نہیں کریں گے جو پورا نہ کیا جاسکے عوامی مسائل کا پائیدار حل چاہتے ہیں صوبے کے ہر ضلع میں جاکر عوامی مسائل کا ذاتی طور پر جائزہ لوں گا بحالی امن کیلئے سیکورٹی فورسز کے ساتھ قبائلی عمائدین اور عوام کا تعاون باعث ستائش ہے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت کوعوامی مسائل کا پوری طرح سے احساس ہے تاہم یہ بات واضح ہے کہ گورننس میں بہتری سے ہی محکمے متحرک ہوکر درپیش مسائل کے حل کے قابل ہوسکتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے انتظامی افسران کو ہدایت کی کہ وہ بحالی امن اور روزمرہ سرکاری امور کی انجام دہی کے ساتھ ساتھ اپنی تمام تر توجہ اور صلاحیتیں عوامی مسائل کے حل پر مرکوز رکھیں مقامی مسائل مقامی سطح پر حل کئے جائیں عوام کو لمبے چوڑے طریقہ کار اور طویل انتظار کی کوفت میں مبتلا نہ کیا جائے،



ژوب، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی قبائلی جرگے میں عمائدین سے خطاب کررہے ہیں اس موقع پر صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین اسمبلی سمیت اعلیٰ حکام بھی موجود ہیں

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

| جلد 27 | جمعہ 27 ستمبر 2024ء | 22 ربیع الاول | 1446ھ | FaX:2839867 Ph :2839851 | قیمت 10 روپے | MEMBER OF APNS رجسٹرڈ بی سی بی-10 | شمارہ 225 |

## اتحادی جماعتوں کو ساتھ لیکر چل رہے ہیں، سرفراز بگٹی

### ہم سب کا مشن عوام کی بہتری اور فلاح و بہبود ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے وفاقی وزیر سیفران و امور کشمیر انجینئر امیر مقام، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل اسپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی صوبائی وزراء اور اعلیٰ حکام کے اعزاز میں عشائیہ دیا گیا، وزیر اعلیٰ ہاؤس آمد پر میر سرفراز بگٹی نے وفاقی وزیر امیر مقام کا پرتپاک استقبال کیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں اتحادی جماعتوں کو ساتھ لیکر چل رہے ہیں امن و امان، صحت، تعلیم اور ماحولیاتی تبدیلی اہم چیلنجز ہیں باہمی مشاورت سے بلوچستان کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کام کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت میں شامل تمام جماعتوں میں مکمل اتفاق رائے پایا جاتا ہے، ہم سب کا مشن عوام کی بہتری اور فلاح و بہبود ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں گڈ گورننس کے قیام کے لئے کوشاں اور پسماندگی کا خاتمہ کرکے عام بلوچستانی کا معیار زندگی بلند کرنے کے لئے پرعزم ہیں اس مقصد کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کرکے موثر اقدامات پر عمل پیرا ہیں اس موقع پر وفاقی وزیر سیفران و امور کشمیر انجینئر امیر مقام نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی سربراہی میں بلوچستان عملی طور پر ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا وفاقی وزیر نے یقین دلایا کہ بلوچستان کے مسائل کے حل اور درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے وفاقی حکومت ہر ممکن تعاون کرے گی

## وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر فوری عمل درآمد

### شیرانی لیویز فورس کے لئے آرمڈ وہیکل اور اسپتال کے لئے ایمبولینس کوئٹہ سے روانہ

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر شیرانی لیویز فورس کے لئے آرمڈ وہیکل اور اسپتال کے لئے ایمبولینس جمعرات کو کوئٹہ سے ضلع شیرانی روانہ کردی گئی ہے، جبکہ کاکڑ خراسان میں اسسٹنٹ کمشنر اور تحصیلدار کی دستیاب خالی آسامیوں پر افسران کی تعیناتی کے احکامات بھی جاری کردیے گئے ہیں حکام نے بتایا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے یہ احکامات آج ہی ژوب میں منعقد ہونے والے جرگے میں عوامی مسائل کی شنوائی کے دوران جاری کیے تھے، حکام کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے دیگر احکامات کی روشنی میں مواصلاتی ٹاورز کی درستگی، ژوب بائی پاس کے تعمیراتی کام میں تیزی اور ریذیڈنشل کالج میں تدریسی اسٹاف کی تعیناتی کے لئے متعلقہ محکموں کو بھی فوری کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ بی ایچ یو اور سوزہ پل بمقام گوسہ کبزئی کی تعمیر کے لئے متعلقہ محکموں کو ڈائریکٹیوز جاری کیے جارہے ہیں اس کے علاوہ عوامی شکایات پر منشیات فروشوں، غیر حاضر ڈاکٹرز اور اساتذہ کے خلاف کارروائی کے لئے متعلقہ انتظامی افسران کو سخت کارروائی کا حکم دیا گیا ہے۔



ژوب، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی قبائلی جرگے سے خطاب کررہے ہیں



**QUETTA:** President of the Quetta Bar Association, Qari Rehmatullah Khan along others address a press conference on Thursday.

# Collective efforts sole panacea for durable peace: CM Balochistan

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on

Sardar Masood Loni, Member Provincial Assembly Dr. Muhammad Nawaz, Haji Fazal Qadir, were present in the Jirga.

in their evil ambitions, as the people of Balochistan, tribal elders and security forces would jointly foil all such conspiracies. He also directed concerned official on the occasion

and Tehsil Dar on vacant posts. He said that he would visit to every district of the province and examine the public issues personally so that they would provide maximum

said Federal Minister for Planning, Development and Special Initiatives Ahsan Iqbal during the eleventh meeting of the Parliamentary Forum on Population (PFP), organized by the Population Council with the support of the United Nations Population Fund. He also emphasized the impor- ... of the quality of human

services. He also highlighted the importance of women's empowerment, noting that educated women are more likely to have a stronger voice in family decision-making.

Chairperson of the Forum, Senator Sherry Rehman, addressed the assembly, stating, "Population planning should be integrated into the

... (PFP) was launched in March 2020 with the aim of raising parliamentary awareness of population management as a development imperative, sustaining cross-party political commitment, and advocating for population stabilization. Since its inception, the Forum has convened eleven meetings to advance the population

planning services through targeted subsidies and voucher programs. Dr. Sathar also underscored the importance of empowering women by expanding education and employment opportunities, noting that family planning enhances women's health and well-being and enables them to contribute more effectively

# 12 injured as police vehicle bombed in Quetta

## Explosive device planted in parked motorcycle

SYED ALI SHAH
QUETTA

A bomb blast targeted a police vehicle in the Eastern Bypass area of Quetta on Wednesday morning, injuring at least 12 people. According to police reports, the explosive device was planted in a motorcycle parked on the roadside.

The injured were quickly transported to the Trauma Centre at Civil Hospital Quetta for medical treatment. Security forces have cordoned off the area, and an investigation has been launched.

Chief Minister Balochistan, Mir Sarfaraz Bugti, condemned the attack, stating, "This cowardly act of terrorism is an attack on peace and security in our province. We will not rest until those responsible are brought to justice."

He further added that the safety of the people and law enforcement personnel is the government's top priority. "Such attacks will not deter our resolve to fight terrorism. The perpetrators of this heinous crime will be held accountable."

Authorities are working to identify those behind the attack, as the incident raises fresh concerns about security in Quetta, a city that has experienced frequent violence in recent years.

Just last month, a blast in Quetta's Liaquat Bazar area has left one person dead and six others injured. The explosion, which struck the bustling commercial hub, prompted a swift response from local authorities.




**ALL BANGED UP: The explosion sent ripples through the Eastern bypass area, damaging some vehicles.** PHOTO: INP

Emergency responders transported the victims to the Trauma Centre at Civil Hospital Quetta. The casualties were confirmed by Waseem Baig, the spokesman for the medical institution.

Security have sealed off the area and launched an investigation into the cause of the blast. The incident raised significant concern among residents, leading to heightened security measures across the city.

There was no immediate claim of responsibility for this attack.

## صوبے کی تعمیر و ترقی میں اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لیکر کام کر رہے ہیں، وزیر تعلیم

**امن اس وقت قائم ہو سکتا ہے جب مرد و خواتین یکساں اپنی ذمہ داریاں نبھائیں: راحیلہ حمید درانی**

**پاکستان میں امن و گڈ گورننس کی کوششوں کو مزید تقویت دینے کی ضرورت ہے، سیمینار سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) محکمہ بلدیات وہ دیہی ترقی کی جانب سے ایک روزہ منعقدہ سیمینار بعنوان لوکل گورننس اینڈ پیس بلڈنگ منعقد ہوا جس میں صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ عبدالرؤف بلوچ، ڈائریکٹر جنرل لوکل گورنمنٹ سید آغا ذوالفقار شاہ، ڈائریکٹر بلوچستان رورل ڈویلپمنٹ اکیڈمی نعمت اللہ بابر، ڈائریکٹر جنرل بلوچستان سول سروس اکیڈمی حفیظ جمالی، تمام ضلعوں کے چیئرمین ........ بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

وائس چیئرمین، محکمہ کے افسران اور دیگر حکام نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ امن و امان قائم کرنے اور صوبے میں مجموعی گورننس کی بہتری لوکل گورنمنٹ کے منتخب نمائندوں اور اس محکمہ کی اہم ذمہ داری بنتی ہے ان کا تعلق براہ راست عوام سے ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی سربراہی میں موجودہ حکومت صوبے کے طول و ارض میں عوامی خواہشات کے عین مطابق اصلاحات اور ترقیاتی کام میں مصروف عمل ہے وہ ایک متحرک اور وژنری اپروچ کے تحت صوبے کی تعمیر و ترقی میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر کام کر رہے ہیں صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ سوسائٹی میں امن اس وقت قائم ہو سکتا ہے جب مرد اور خواتین یکساں طور پر اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کرتے ہوئے اپنا مثبت اور اصلاحاتی کردار نبھاتے ہوئے معاشرے کی فلاح و بہبود میں بہتر کردار ادا کریں امن و امان اور گورننس کی بہتری کے لئے ہم سب کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنا پڑیں گی، جبکہ صوبے میں یوتھ انگیجمنٹ کی اشد ضرورت ہے اور اس میں لوکل سطح پر منتخب نمائندوں کی ذمہ داریاں خاص نوعیت کی ہیں جو کہ دو طرفہ ہیں

## صحبت پور تا کشمور شاہراہ پہلے فیز پر کام تیزی سے جاری ہے، سلیم کھوسہ

**جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل و معیار پر سمجھوتہ قبول نہیں، صوبائی وزیر مواصلات**

ماچھی پور (یو این اے) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ نے کہا ہے کہ صحبت پور تا کشمور شاہراہ کے پہلے فیز پر کام تیزی سے جاری ہے دوسرے فیز پر کام بھی اگلے ماہ شروع کیا جائے گا تا کہ صحبت پور اور اس شاہراہ سے منسلک آبادی اس شاہراہ سے مستفید ہوں ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر خان کھوسہ نے زیر تعمیر صحبت پور تا کشمور شاہراہ کے دورے کے موقع پر کیا اس موقع پر ایکسین روڈز صحبت پور نے زیر تعمیر ........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

صحبت پور تا کشمور شاہراہ پر صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ تقریباً پندرہ کلومیٹر شاہراہ پر بلیک ٹاپنگ بھی ہو چکی ہے اور منصوبے کی تعمیر کی رفتار بھی تیز کی گئی ہے تا کہ منصوبہ وقت مقررہ پر مکمل ہو جائے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مذکورہ منصوبہ جلد از جلد مکمل کیا جائے اور دوسرے فیز پر کام شروع کیا جائے تا کہ شاہراہ کے مکمل ہونے کا فائدہ صحبت پور کے عوام بالخصوص زمیندار طبقہ کو ہو سکے صوبائی وزیر نے سختی سے ہدایات دی کہ حلقے میں جاری تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں

## وفاقی وزیر سیفران کو کوئٹہ میں افغان مہاجرین بارے بریفنگ

**وفاقی وزیر کو کمشنریٹ کی مجموعی کارکردگی فنڈز کے حوالے سے آگاہ کیا گیا**

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ریاستی و سرحدی امور، امور کشمیر و گلگت بلتستان، انجینئر امیر مقام کوئٹہ میں افغان مہاجرین کے کمشنریٹ میں ایک اہم اجلاس ........ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کی صدارت کی۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے افغان مہاجرین کی کمشنریٹ کے مقاصد کو مؤثر طریقے سے حاصل کرنے کے لیے وسائل کے زیادہ سے زیادہ استعمال کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ "ہم اپنی سرحدوں کے اندر پناہ گزینوں کی حفاظت اور وقار کو یقینی بنانے کے لیے اپنا تعاون جاری رکھیں گے۔



## ربابہ بلیدی ترقی کے اہداف کی نگرانی کیلئے پی ٹی ایف کنوینئر مقرر

**ٹی ایف میں صوبائی وزراء، اپوزیشن لیڈر، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین اسمبلی بھی شامل**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) کے نفاذ اور پیشرفت کی نگرانی کے لئے صوبائی ٹاسک فورس (پی ٹی ایف) کا کنوینئر مقرر کر دیا گیا ہے اس ٹاسک فورس میں صوبائی وزراء، لیڈر آف دی اپوزیشن، پارلیمانی سیکرٹریز سمیت ٹریژری بینچ اور اپوزیشن کے 17 اراکین صوبائی اسمبلی شامل (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

ہوں گے، سیکرٹری بلوچستان اسمبلی کے جاری ایک نوٹیفکیشن کے مطابق اسپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے عالمی ترقیاتی اہداف اور کمٹمنٹ کے لئے اقوام متحدہ کی زیر نگرانی تشکیل دیئے گئے ایس ڈی جیز پر عمل درآمد اور پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے وزیر اعلیٰ کی مشیر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کی سربراہی میں صوبائی اسمبلی کی ٹاسک فورس تشکیل دے دی ہے اس ٹاسک فورس میں صوبائی وزراء نور محمد دمڑ، میر ظہور احمد بلیدی، میر محمد صادق عمرانی، سلیم احمد کھوسہ، بخت محمد کاکڑ، سردار زادہ فیصل خان جمالی، راحیلہ حمید خان درانی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی، نوابزادہ زرین خان مگسی، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، غلام دستگیر بادینی، محمد نواز، رحمت صالح بلوچ، پرنس آغا عمر احمد زئی، روی کمار اور شاہدہ روف شامل ہوں گے، ایس ڈی جیز سے متعلق بلوچستان اسمبلی کی اس پراونشل ٹاسک فورس میں تمام پارلیمانی جماعتوں کے نمائندوں کو شامل کیا گیا ہے تا کہ باہمی مشاورت اور اتفاق رائے سے عالمی کمٹمنٹ کے مطابق ایس ڈی جیز پر عمل درآمد اور پیش رفت کا جائزہ لیکر طے شدہ ٹائم فریم میں اقدامات اٹھائے جاسکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 27 SEP 2024

Page No. 16


## بولان یونیورسٹی کی برطانیہ کی یونیورسٹیز کے ساتھ آن لائن میٹنگ

**کوشش ہے کہ بلوچستان کے ڈاکٹرز اور پروفیسرز کی عالمی معیار کے مطابق تربیت کرسکیں، پروفیسر شبیر لہڑی**

کوئٹہ (پ ر) بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد لہڑی نے برطانیہ کی یونیورسٹیز سے ایک آن لائن میٹنگ منعقد کی۔ اس آن لائن میٹنگ کے ذریعے وہاں کی یونیورسٹیز کے میڈیکل سائنس کی تعلیم سے وابستہ بڑے بڑے پروفیسرز اور ماہرین سے جدید میڈیکل سائنس میں ہونے والے تجربوں، تحقیق، ترقی اور پیش رفت سمیت تحقیق کے شعبے میں ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ و تعاون کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد لہڑی نے کہا کہ چونکہ ہم ایک پسماندہ خطے میں رہتے ہیں۔ جبکہ باقی دنیا ماڈرن سائنس میں بہت آگے بڑھ چکی ہے ان کی اس ترقی سے وہاں طبی شعبے کی سہولیات کے باعث لوگوں کا معیار زندگی بہت بلند ہے۔ لہذا ایسے ممالک کے ساتھ جدید میڈیکل سائنس اور علمی تحقیق پر تبادلہ خیال، تجربات اور سائنسی ترقی سے استفادہ کرنے سے پاکستان بالخصوص بلوچستان میں طب کے شعبے سے وابستہ افراد کو ان کے پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی میں سہولت ملے گی جبکہ ماڈرن میڈیکل سائنس میں ہونے والی ترقی سے لوگوں کو علاج معالجے کی سہولتیں ملیں گی۔ بلوچستان جیسے پسماندہ علاقے میں صحت کا معیار بلند ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے میڈیکل سائنس کے بعض شعبوں میں ناکافی تجربہ، تحقیق اور سہولیات کے باعث لوگوں علاج معالجے کے سلسلے میں مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا کرتے ہیں۔ وہ علاج معالجے کے لیے دوسرے صوبوں یا ملک کے بڑے بڑے شہروں کا رخ کرتے ہیں جہاں انھیں بھاری اخراجات کے علاوہ دیگر مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا رہتا ہے۔ لیکن بولان یونیورسٹی اف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنس کی یہ کوشش ہے کہ ہم خود ایسے پروفیسرز اور ڈاکٹرز تیار کرسکیں کہ جن کی کوششوں سے ہمارے لوگوں کو بلوچستان کے اندر ہی طب کی جدید سہولتیں میسر ہوں۔

## سبی میں دستی بم حملہ، فرائض میں غفلت برتنے پر تین سب انسپکٹرز کی تنزلی

**فرائض میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، عوام کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، ایس ایس پی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی سبی میں ہونے والے گھر پر دستی بم حملے پر فرائض میں غفلت برتنے پر ایس ایچ او سمیت تین سب انسپکٹرز کی تنزلی کرتے ہوئے اے ایس آئی بنادیا۔ ایس ایس پی سبی غلام سرور بھیوں نے جنگ کے رابطہ کرنے بتایا کہ بدھ کی شب آلہ آباد میں گھر پر ہونے والے دستی بم حملے پر فرائض میں غفلت برتنے پر ایس ایچ او سٹی سب انسپکٹر غلام علی بیٹرڈ انچارج آلہ آباد چوکی سب انسپکٹر شوکت علی اور انچارج ابابیل فورس سب انسپکٹر لشکران خان گشکوری کی تنزلی کر کے انہیں اے ایس آئی بنا دیا ہے انہوں نے کہا کہ فرائض میں کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس فورس کی اولین ترجیحات ہیں انہوں نے کہا کہ دستی بم حملے میں ایک معصوم بچے کی شہادت ہوئی اور چار بچے زخمی ہوئے ملزمان کی گرفتاری کیلئے ٹیمیں کام کررہی ہے۔

## تربت اور گوادر بس ٹرمینل منصوبوں میں کرپشن کی تحقیقات کا آغاز

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ اینٹی کرپشن نے تربت اور گوادر میں بس ٹرمینل منصوبوں میں کرپشن کی تحقیقات کیلئے کمشنر مکران ڈویژن کو ریکارڈ فراہم کرنے کیلئے مراسلہ ارسال کردیا۔ محکمہ اینٹی کرپشن کے جاری مراسلے کے مطابق تربت بس ٹرمینل کیلئے حکومت بلوچستان نے 21 ایکڑ اراضی الاٹ کی تھی تاہم 135 ایکڑ اراضی پر قبضہ کرکے 115 ایکڑ پر نجی ہاوسنگ سکیم بنائی گئی ہے جبکہ گوادر بس ٹرمینل کیلئے بلوچستان حکومت نے 111 ایکڑ زمین الاٹ کی تھی تاہم وہاں پر بھی قبضہ کی شکایات ہیں، مراسلے کے مطابق دونوں ٹرمینلز پر ٹرانسپورٹرز سے کروڑوں روپے لیے گئے تاہم حکومتی خزانہ میں ریونیو جمع نہیں کروائی گئی، مراسلہ میں کمشنر مکران ڈویژن سے متعلقہ اراضی کا ریکارڈ طلب کیا گیا ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## مساجد کے ذریعے انسداد منشیات کی مہم چلائی جائے، کمشنر کوئٹہ

**بیداری پیدا کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں سرکلر میں ڈپٹی کمشنرز کوئٹہ، پشین، قلعہ عبداللہ و ڈپٹی کمشنر چمن کو ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک سرکلر کے مطابق کوئٹہ ڈویژن میں منشیات کے بڑھتے استعمال کے پیش نظر خصوصی مہم شروع چلانے کی ہدایت کی گئی ہے اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر پشین، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ اور ڈپٹی کمشنر چمن سے کہا گیا ہے کہ مساجد کے ذریعے انسداد منشیات کی مہم چلائی جائے واضح رہے کہ UNODC کی تازہ ترین رپورٹس و ANF کے اشتراک کردہ ڈیٹا کے مطابق کوئٹہ ڈویژن میں منشیات ......... 


بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر


کا استعمال بڑھ رہا ہے اس لئے ضروری ہے کہ بیداری پیدا کرنے کیلئے تمام اقدامات کیے جائیں اس سلسلے میں تمام ڈی سیز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے علاقے کے تمام فرقوں کے علماء کرام سے ملاقاتیں کریں اور ان سے خطبہ جمعہ کے دوران منشیات کے استعمال سے متعلق آگاہی پیدا کرنے کے لئے کہیں جبکہ اسپیشل برانچ اور لیویز انٹیلی جنس کو بھی ان علاقوں کے بارے میں رپورٹ بنانے کا کام سونپا جانا چاہیے جن پر خصوصی توجہ کی ضرورت ہے ان خطبات کے کچھ حصوں کی ویڈیو جہاں آگاہی پیدا کی جارہی ہے کوئٹہ ڈویژن کے واٹس ایپ گروپ میں ضرور شیئر کریں۔

## پشین میں ایک اور بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق

**سندھ سے 4 کیسز سامنے آئے کے پی، پنجاب و اسلام آباد میں ایک ایک کیس رپورٹ**

اسلام آباد/ کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میں رواں سال کا 22 واں پولیو کیس رپورٹ ہوا ہے جس کے بعد حکومتی عہدیداران نے والدین اور سرپرستوں .........


بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر


سے ایک بار پھر اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کے لئے ویکسینیشن کو یقینی بنائیں۔ نیا کیس بلوچستان کے ضلع پشین کے 30 ماہ کے بچے میں سامنے آیا ہے جو صوبے میں پولیو سے متاثرہ بچوں کی بڑھتی ہوئی تعداد میں ایک اور اضافہ ہے۔ قومی ادارہ صحت میں قائم انسداد پولیو لیبارٹری نے بچے میں پولیو وائرس کی قسم 1 (WPV1) کی موجودگی کی تصدیق کی ہے۔ اس کے نتیجے میں 2024 میں رپورٹ ہونے والے پولیو کیسز کی مجموعی تعداد 22 ہوگئی ہے، جن میں سے 15 کیسز بلوچستان سے ہیں۔ سندھ سے 4 کیسز سامنے آئے ہیں جبکہ خیبر پختونخوا، پنجاب اور اسلام آباد میں ایک ایک کیس رپورٹ ہوا ہے۔ وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق نے کیسز کی بڑھتی ہوئی تعداد پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو ویکسین پلوا کر اپنا قومی اور مذہبی فریضہ ادا کریں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 27 SEP 2024

Page No. 17


## پڑھے لکھے طلباء ہمارے سفیر، منشیات کیخلاف بھرپور مہم چلانی ہوگی، کمانڈر انٹی نارکوٹیکس فورس

**منشیات سے دوری اور اس سے جڑے نقصانات کا پیغام اپنے دوستوں اور اردگرد کے لوگوں تک پہنچائیں، عدنان دانش**

**نوجوانوں کو منفی سرگرمیوں سے دور رکھ کر مثبت اور صحت افزاء سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا بھی ضروری، پروفیسر خالد حفیظ**

کوئٹہ (آئی این پی) نوجوان قوم کے معمار اور ہمارے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں یہی وجہ ہے کہ اپنے مستقبل کے معماروں کو نقصان دہ اور غیر صحت بخش سرگرمیوں سے بچانا بھی ہم سب کی ذمہ داری ہے طلباء کھیلوں اور دیگر صحت افزاء غیر نصابی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں اور اپنے دین، اہل خانہ کے ساتھ بہترین رابطہ قائم رکھیں تاکہ دینی اور دنیاوی دونوں کامیابیوں کے ساتھ ساتھ ملکی ترقی اور بہتری ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

میں اپنا کردار ادا کر سکیں ان خیالات کا اظہار کمانڈر انٹی نارکوٹیکس فورس بلوچستان بریگیڈیئر عدنان دانش نے بیوٹمز میں منعقدہ آگاہی مہم برائے انسداد منشیات کا استعمال درسگاؤں کا تقدس پامال کے پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پڑھے لکھے طلباء ہمارے سفیر ہیں جو کہ منشیات سے دوری اور اس سے جڑے ہوئے نقصانات کا پیغام اپنے دوستوں اور اردگرد کے لوگوں تک پہنچائیں۔ انہوں نے طلباء کو بتایا کہ منشیات میں استعمال ہونے والے اجزاء انتہائی مضر صحت ہیں جو کہ دنوں میں انسان کی صحت کو کھوکھلا کر دیتی ہیں اور وہ شخص نہ صرف اپنی بلکہ اپنے پورے خاندان کو تباہی کی جانب دھکیل دیتا ہے جبکہ اس عمل کا خمیازہ معاشرے کو بھی بھگتنا پڑتا ہے۔ وائس چانسلر بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جہاں ملکی آبادی کا 60 فیصد سے زائد نوجوانوں پر مشتمل ہونا ایک نعمت اور ملکی ترقی کے لئے خوش آئند ہے

## بلوچستان کی جیلوں میں گنجائش سے زائد قیدیوں کی موجودگی، مسائل بڑھ گئے

**بارہ جیلوں میں 2764 قیدیوں کے رکھنے کی گنجائش ہے جبکہ ان جیلوں میں قیدیوں کی تعداد 2881 سے تجاوز کر گئی**

**سنٹرل جیل مچ میں سزائے موت کے 73 قیدی پھانسی کے منتظر کوئٹہ ڈسٹرکٹ جیل میں 472 قیدیوں کی گنجائش ہے**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی جیلوں میں گنجائش سے زائد قیدیوں کی موجودگی کا انکشاف ہوا ہے صوبے کی بارہ جیلوں میں 2764 قیدیوں کے رکھنے کی گنجائش ہے جبکہ ان جیلوں میں قیدیوں کی تعداد 2881 سے تجاوز کر گئی سنٹرل جیل مچ میں سزائے موت کے 73 قیدی پھانسی کے منتظر ہیں محکمہ جیل خانہ جات کی رپورٹ کے مطابق بلوچستان کی بارہ جیلوں میں 2764 قیدیوں کے رکھنے کی ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

گنجائش ہے، جبکہ صوبے کی جیلوں میں قیدیوں کی تعداد 2881 سے تجاوز کر گئی، 1939 میں قائم ہونے والی کوئٹہ کی ڈسٹرکٹ جیل میں 472 قیدیوں کی گنجائش ہے، اس جیل میں 1090 قیدی پابند سلاسل ہیں، سنٹرل جیل گڈانی، ڈسٹرکٹ جیل لورالائی اور ڈسٹرکٹ جیل ڈیرہ مراد جمالی میں بھی گنجائش سے زائد قیدی ہیں، رپورٹ کے مطابق 1929 میں قائم ہونے والی سنٹرل جیل مچ میں سزائے موت کے 73 قیدی پھانسی کے منتظر ہیں، جبکہ 56 خواتین اور 32 غیر ملکی قیدی بھی صوبے کی جیلوں میں اپنی اپنی سزا کاٹ رہے ہیں۔

## پولیو خطرناک، جڑ سے اکھاڑنے کیلئے ایمانداری سے کام کرنا ہوگا، ڈی سی کوئٹہ

**جو ٹیمیں ٹھیک کام نہیں کریں گی انکے خلاف کارروائی کی جائیگی، لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد**

کوئٹہ (خ ن) انسداد پولیو مہم کے دوران فیک کوریجز کی روک تھام کیلئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے بڑا اقدام اٹھالیا اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد نے فیک کوریجز کی روک تھام اور مہم کے دوران کوریج میں مزید بہتری لانے کیلئے کوئٹہ کے یونین کونسل کے سپروائزر اور ورکرز سے خود ملے ڈپٹی کمشنر نے ورکرز و سپروائزر کے مسائل سنے اور انہیں حل کرنے کی یقین دھانی کرائی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے پولیو ورکرز سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پولیو جیسی خطرناک بیماری جڑ سے اکھاڑنے کیلئے ہم سب ......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

نے محنت، خلوص اور پوری ایمانداری سے کام کرنا ہوگا مہم کے دوران کوئی بھی غفلت ناقابل برداشت ہے جو ٹیمیں ٹھیک سے کام نہیں کریں گی انکے خلاف کارروائی کی جائیگی اور جن ایریا میں کمپین کمزور رہا انہی علاقوں کی ٹیمیں تبدیل کی جائیں گی اس دوران جو بھی مسائل ہوں، سپروائزر سے یا کوئی اور شکایت ہو سکیورٹی مسائل ہوں ڈی سی آفس میں رپورٹ کریں۔ ٹیمیں پوری انرجی کے ساتھ کام کریں اور فیک کوریجز کے خلاف رپورٹ جمع کرائیں تاکہ انکے خلاف کارروائی کی جاسکے۔ آخر میں ڈپٹی کمشنر نے کہا ضلعی انتظامیہ پولیو کے خاتمے اور ورکرز کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرنے کیلئے تیار ہے۔

## بلوچ عوام کے محرومی کی وجہ وسائل کی عدم منتقلی ہے، سینیٹر خالدہ اطیب

**صوبوں کو اختیارات نچلی سطح تک تقسیم کرنے کی ضرورت ہے ورنہ عام آدمی مستفید نہیں ہو سکتا**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹر خالدہ اطیب نے کہا ہے صوبوں کے نچلی سطح پر فنڈز تقسیم نہ کرنے سے نظام مفلوج ہو گیا، بلوچستان کے عوام کی محرومی کی وجہ وسائل کی منتقلی نہ ہونا ہے، سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف کا چیئرمین کمیٹی فاروق ایچ ......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

نائیک کی زیر صدارت اجلاس ہوا، اجلاس میں ایم کیو ایم پاکستان کی سینیٹر خالدہ اطیب نے بلدیاتی انتخابات کا آرٹیکل 140 اے میں ترمیم کا بل زیر بحث لاتے ہوئے کہا صوبوں کو اپنے اختیارات نچلی سطح تک تقسیم کرنے کی ضرورت ہے ورنہ عام آدمی مستفید نہیں ہو سکتا، کئی صوبوں میں بلدیاتی انتخابات کرائے ہی نہیں گئے، مالیاتی کمیشن کا فنڈ بھی بلدیات تک تقسیم کیا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 27 SEP 2024 Page No. 20

## چمالنگ میں بارودی سرنگ دھماکہ

## کوئلہ سے لوڈ گاڑی کو شدید نقصان

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے علاقہ چمالنگ میں بارودی سرنگ دھماکہ لیویز ذرائع کے مطابق بلوچستان کے علاقہ چمالنگ سے پنجاب لے جانے والی کوئلہ سے لوڈ ٹرک بارودی سرنگ سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں کوئلہ سے لوڈ گاڑی کو شدید نقصان پہنچا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 27 SEP 2024

Page No. 21


## کلی قمبرانی چوروں کا گڑھ بن گیا، بے یار و مددگار مکین خوف کے سائے میں

پولیس خاموش

چوروں نے دن دیہاڑے اسکول کے بچے سے موٹر سائیکل چھینی، بہادر مکین نے چوروں کا راستہ روکنے کی کوشش کی، فائرنگ سے مکین محفوظ، جانور ہلاک

سریاب کی سڑکیں جرائم پیشہ افراد کے لیے محفوظ پناہ گاہ بن گئے، پولیس کی خاموشی اور عدم کارروائی، مقامی لوگ خود حفاظتی اقدامات کرنے پر مجبور کر دیا

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) کوئٹہ کے نواحی علاقہ سریاب روڈ کلی قمبرانی کیچی بیگ تھانہ کے حدود میں چوروں کی سرگرمیاں بے قابو ہوتی جا رہی ہیں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ تازہ ترین واقعہ میں چوروں نے دن دیہاڑے کلی قمبرانی میں ایک اسکول کے بچے سے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل چھین لی۔ علاقے میں بڑھتی ہوئی وارداتوں سے مکین خوفزدہ ہیں جبکہ پولیس کی خاموشی پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ مذکورہ واقعہ کے دوران ایک بہادر علاقہ مکین نے چوروں کا راستہ روکنے کی کوشش کی تو چوروں نے اس پر فائرنگ کر دی۔ خوش قسمتی سے مکین محفوظ رہا، تاہم قریب سے گزرتے ہوئے بکریوں کے ریوڑ میں سے ایک بکری گولی لگنے سے ہلاک ہو گئی۔ اس کے علاوہ دو گولیاں ایک قریبی گھر کی دیوار پر جا لگیں، جس سے علاقہ مکینوں میں خوف و ہراس مزید بڑھ گیا ہے۔ واقعے کے بعد علاقے میں شدید غصہ پایا جا رہا ہے۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں، بلکہ چوری اور ڈکیتی کے واقعات روز کا معمول بن چکے ہیں۔ مکینوں کے مطابق انہوں نے پولیس کو بارہا شکایات کیں لیکن تاحال کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ علاقے کے لوگ پولیس کی بے حسی اور عدم توجہی سے سخت مایوس ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ وہ اپنے تحفظ کے لیے خود اقدامات کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ سریاب کے نواحی علاقوں میں چوری، ڈکیتی اور اسلحہ کے زور پر لوٹ مار کے واقعات میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ ان وارداتوں کے باعث مکین رات کو گھروں میں محفوظ نہیں، جبکہ دن میں باہر نکلنے سے بھی ڈرتے ہیں۔ اس صورت حال میں مکینوں کا کہنا ہے کہ وہ خود کو بے یار و مددگار محسوس کرتے ہیں کیونکہ پولیس کی جانب سے کوئی خاص کارروائی دیکھنے میں نہیں آ رہی۔ علاقہ مکینوں کا مطالبہ ہے کہ پولیس فوری طور پر چوروں کے خلاف کارروائی کرے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ اگر پولیس نے جلد کارروائی نہ کی تو علاقے میں مزید بگڑتی ہوئی صورت حال کو قابو کرنا مشکل ہو جائے گا۔ سریاب روڈ کا علاقہ جرائم پیشہ افراد کے لیے ایک محفوظ پناہ گاہ بن چکا ہے، جہاں چور آزادانہ وارداتیں کر رہے ہیں اور پولیس کی جانب سے خاموشی برقرار ہے۔ عوام کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے، ورنہ حالات مزید بگڑنے کا خدشہ ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 27 SEP 2024 Page No.

Bullet No.



صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، صوبائی سیکرٹری بلدیات عبدالروف بلوچ، نعمت اللہ بابڑ و دیگر ایک روزہ سیمینار بعنوان لوکل گورننس اینڈ پیس بلڈنگ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں